Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۳ ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ مطابق ۶ فروری ۱۹۳۷ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱	تفویض اختیارات بہ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر نسبت منظوری رخصت اہلکاران ہمایونی	۲
۲	ہدایت بابت دیے جانے اطلاع قبل از دو یوم نسبت حصول رخصت اتفاقیہ	۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار

واقع ۳؍فروری ۱۹۳۷ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اہلکاران اجلاس ہمایوں کی رخصت بلا لحاظ تنخواہ منظور کر سکتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

روبکار

واقع ۴؍فروری ۱۹۳۷ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

سال میں علاوہ رخصت رعایتی کے دس روز کی رخصت اتفاقیہ کا بھی ملازمان کو حق ہے فوری ضرورت کے علاوہ بھی اتفاقیہ رخصت حاصل کی جاتی ہے اور اکثر ایسی رخصتوں کے متعلق اسی روز کا غذات پیش ہوتے ہیں۔ جس دن سے رخصت مطلوب ہو۔ اس صورت میں انتظام نہ ہونے کی وجہ کام میں حرج ہوتا ہے۔ لہذا فوری ضرورت کے علاوہ ایسی رخصت جس کا قبل سے علم ہو گو اتفاقیہ حاصل کرنا ہو کم از کم دو روز قبل منظور ہو جانا چاہئے۔ تاکہ حرج کار نہ ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر